UNIVERSAL
LIBRARY
OU_228472
UNIVERSAL
LIBRARY

جملہ حقوق محفوظ

سرگذشت مردِ خسیس

عثمانیہ کا

مترجمہ

مرزا جعفر قراجہ داغی

بہ اضافۂ

تمہید۔ مقدمہ و حلِ لغاتِ جدیدہ

از

جناب قاضی فضل حق صاحب ایم اے منشی فاضل ایم آر اے ایس (لنڈن)

لکچرار گورنمنٹ کالج و پنجاب یونیورسٹی لاہور

سنہ ۱۹۲۱ء

صرف ٹائیٹل در مطبع کپور آرٹ پرنٹنگ ورکس لاہور بچاپ رسید

باہتمام شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

(طبع دوم ۱۰۰۰)

قیمت فی جلد ۱۲/۱

از دیباچہ طبع اوّل

بیا تا گل بر افشانیم و مے در ساغر اندازیم
فلک را سقف بشگافیم و طرح نو در اندازیم

یہ عام شکایت ہے۔ کہ فارسی زبان میں ایسی کتابیں بہت کم ہیں۔ جن کی زبان دلچسپ اور مضمون دلپسند ہو اور جو تفنّنِ طبع کے لئے مفید ہو سکیں۔ درسی کتابیں مشکل ترکیبوں۔ مغلق الفاظ اور پیچ در پیچ فقرات کی بھرمار کی وجہ سے یہ غرض پوری نہیں کر سکتیں۔ کالجوں اور مدرسوں کے طالبعلم سوائے مروّجہ نصابوں کے (جو انہیں امتحان میں کامیاب ہونے کے لئے خواہ مخواہ پڑھنے ہی پڑتے ہیں) دوسری کتابوں کو ہاتھ تک نہیں لگاتے۔ اس لئے ایسی کتابوں کی بہت ضرورت ہے جو دلچسپ اور آسان زبان میں لکھی ہوئی ہوں۔ تاکہ طالبعلم

مقدمۂ ناشر

فنِ تمثیل

تعریف:۔ تمثیل کے لغوی معنی "صورت[1] بستن پیکر کسے را بہ نگاشتن دجزآں" اور اصطلاح میں اس فن کا نام ہے جس میں کسی حکایت یا واقعہ تاریخی کے افراد متعلقہ کے لباس، طرز کلام اور لہجہ کی بذریعۂ اشخاص ہوبہو نقل اُتاری جائے۔ ایسے اشخاص کو ممثل کہتے ہیں۔

اس فن کو تقلید بھی کہتے ہیں۔ مولنا غنیمت رح مقلدوں کی ایک جماعت کے متعلق یوں حوالۂ قلم فرماتے[2] ہیں :۔

به فن خویشتن استاد ہر یک ۔۔۔ گہے مرد و گہے زن گاہ طفلک
گہے سنا سیانِ مو پریشان ۔۔۔ گہے اسلامیانِ اہل ایماں
گہے در غربت و گاہے بہ شنگی ۔۔۔ گہے کشمیری و گاہے فرنگی
گہے دہقاں زنِ گاہ پیر دہقاں ۔۔۔ گہے گبر مترش نامسلماں
گہے رنگِ زنِ نوزادہ بر رد ۔۔۔ بدست دایہ گریاں زادۂ او

---

[1] منتہی الارب جلد چہارم۔

[2] نیرنگ عشق مطبوعہ لکھنؤ صفحہ ۲۰-۲۱۔

زہر قومے کہ خواہی جلوہ سازند   بہر رنگے کہ گوئی عشوہ بازند

فنِ تمثیل کا آغاز یقینی طور پر یہ کہنا کہ اس فن کا رواج ارتقائے تمدن کے کس درجہ میں اور کب ہوا بہت مشکل ہے۔ لیکن چونکہ اس فن کی غرض اولے (کم از کم اسکے ابتدائی مدارج میں) لہو ولعب اور تفنن طبع ہے اور لہو و لعب کی طرف میلان قدرتاً طبیعت انسانی میں پایا جاتا ہے اس لئے یہ فن کسی نہ کسی حالت میں قریباً ہر قوم اور اس کے ارتقا کے ہر ایک زمانہ میں موجود رہا ہے۔ اور اس فن کی ترقی تہذیب قوم کی ترقی کے ہمدوش رہی ہے۔ الّا اس صورت میں کہ مذہب یا حکومت (جو تغیر رسوم و رواج کے سب سے بڑے باعث ہوتے ہیں) اس کی ترقی کے مانع نہ ہوئے ہوں۔

تمثیل و اقوام آریہ آریہ نسل کی قوموں نے اس فن کو ہمیشہ سے اپنی مذہبی قومی اور ملی ہستی کا ایک لازمہ قرار دے رکھا ہے۔ بلکہ یہاں تک کہ مذہبی و ملی روایتوں کے تحفظ، جذبات حب قومی کے ہیجان، اور رسوم و رواج و اخلاق و تمدن کی اصلاح میں اس فن کی مدد سے انہوں نے معتد بہ کام لئے ہیں +

تمثیل اور اہل فرنگ اہل فرنگ (جو آج تہذیب و تمدن کی علم برداری کے مدعی ہیں) نے اسے فنون لطیفہ میں شمار کیا۔ اور اس قدر رواج دیا ہے کہ وہ ان کی حیات ملی میں ایک جزو لاینفک ہو گیا ہے +

تمثیل و اقوام سامیہ } لیکن سامی قوموں نے کبھی اس فن کی ترویج اور ترقی میں کسی دلچسپی کا اظہار نہیں کیا اور ان کے ہاں اپنی قدرتی اور ابتدائی حالت سے زیادہ ترقی نہیں کر سکا۔ ان قوموں کی تاریخ اور اُن کا علم ادب اس فن کے ذکر سے بالکل خالی ہے +

تمثیل و اہل عرب } عربوں کے وسیع علم ادب سے بھی یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ کسی زمانہ میں یہ فن سوائے ابتدائی حالت کے ان کے ہاں مروج رہا ہو +

تمثیل و اسلام } لیکن اسلام کے بعد اگر اس فن سے اہل عرب نے بے اعتنائی کی تو اس کی وجہ صاف اور صریح ہے مسلمان مذہب کو اپنی قومیت سے جدا نہیں سمجھتے۔ اور ان کا تمدن ان کے مذہب سے علیحدہ نہیں۔ ان کی زندگی کے ہر ایک شعبہ میں مذہب ہی کا رنگ غالب ہے۔ اس لئے ان کا تدیّن بہت حد تک اس فن کی ترقی میں سدّ راہ رہا +

چونکہ ایک پکا مسلمان لہو و لعب کو لغو سمجھتا ہے۔ اور وو و اذا مرّوا باللغو مرّوا کراماً کے مفہوم کے مطابق اسے خلاف عبودیت رحمٰن ماننے پر مجبور ہے۔ اس لئے وہ اس قسم کے رواج سے سخت متنفر ہے۔ مزید براں ایک حدیث نبوی کا مفاد یہ ہے۔ کہ "مردوں کے سوانگ بھرنے والی عورتیں۔ اور

عورتوں[1] کا سوانگ بھرنے والے مرد دونو لعنتی ہیں،، اس لئے کچھ تعجب نہیں اگر ان کا کیسۂ ادب بھی اس نقد سے بالکل خالی ہو +

تمثیل و اہل ایران } اہل ایران جو اسلام قبول کرنے کے بعد خوشہ چین تہذیب عرب تھے اسی رنگ میں رنگے گئے۔ اور انہوں نے بھی اپنے استادوں (اہل عرب) کا اقتدا کیا +

یہ بتانا مشکل ہے کہ اسلام سے پہلے ایران میں اس کا رواج تھا یا نہیں اور اگر تھا تو کس حد تک کیونکہ مسلمانوں سے پہلے کا فارسی علم ادب قریبًا معدوم ہے۔ اور جو کچھ موجود ہے وہ اس بارے میں بالکل ساکت ہے +

تاہم یہ فن حالت ،،طفولیت،، میں اب بھی وہاں موجود ہے اور اس کو دو قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے :-

(۱) تمثیل انفرادی - (۲) تمثیل مجلسی +

تمثیل انفرادی } اس میں صرف ایک ہی شخص کسی خاص واقعہ یا حکایت کو (خواہ نثر میں ہو۔ یا نظم میں) اس طریق پر نقل کرکے بیان کرتا ہے گویا اصلی افراد قصہ کی روح اس کے جسم میں حلول کر گئی ہے اور وہ خود آپ بیتی بیان کر رہا ہے +

مولانا آزاد مرحوم ایک ایسے ،،ممثل،، کا نقشہ ان الفاظ

[1] لعن اللّٰہ المتشبھین من الرجال بالنساء والمتشبھات من النساء بالرجال (مشکوۃ المصابیح۔ باب الترجل صفحہ ۲۷۲)

میں کھینچتے ہیں[51] :-

"ایران کے بازاروں میں اور اکثر قہوہ خوانوں میں ایک شخص نظر آئے گا کہ سرو قد کھڑا داستان کہ رہا ہے اور لوگوں کا انبوہ اپنے ذوق شوق میں مست اسے گھیرے ہوئے ہے۔ وہ ہر مطلب کو نہایت فصاحت کے ساتھ نظم و نثر سے مرصع کرتا ہے اور صورت ماجرا کو اس تاثیر سے ادا کرتا ہے کہ سماں باندھ دیتا ہے کبھی ہتھیار بھی سجائے ہوتا ہے۔ جنگ کے معرکے یا غصہ کے موقعہ پر شیر کی طرح بپھر کھڑا ہوتا ہے۔ خوشی کی جگہ اس طرح گاتا ہے کہ سننے والے وجد کرتے ہیں غرضیکہ غیظ و غضب عیش و طرب یا غم و الم کی تصویر فقط اپنے کلام سے ہی نہیں کھینچتا۔ بلکہ خود اس کی تصویر بن جاتا ہے۔ اسے حقیقت میں بڑا صاحب کمال سمجھنا چاہئے کیونکہ اکیلا آدمی ان مختلف کاموں کو پورا پورا ادا کرتا ہے جو کہ تھیٹر میں ایک سنگت کرسکتی ہے" ۔

ایسے مثلوں کو "قصہ خوان" کہتے ہیں

سرجان ملکم صاحب اپنی تاریخ ایران میں فرماتے ہیں[52] :-

"از اسباب داد و متاع سلطنت ایران یکے قصہ خوان است کہ آں را نقال شاہ گویند۔ و صاحب ایں منصب شخصے باخبر از تواریخ و مستحضر از اخبار و اشعار نوادر و نکات و دقیقہ یاب و نکتہ سنج باید۔ ایرانیاں اسباب تماشا بسیار دارند لیکن بہ نوعے

[51] سخندان پارس صفحہ ۱۵۸ ۔

[52] ترجمہ مرزا حیرت جلد دوم صفحہ ۱۵-۱۶ ۔

کہ تقلید در فرنگستان رسم است ندارند۔ مگر قصہ خوانان ایشاں کہ بہ شخص واحد در حین تقریرِ حکایاتِ مجلس[1] بالتمام ہستند از تبدیل حرکات و تغیرِ آواز بہ مقتضائے حالت اشخاص مختلفہ در حالات عدیدہ مثل غضب و حلم و عقل و عشق و سرور و غم و سلطنت و گدائی امارت و چاکری فرانبری و فرمانروائی در ہر شخص واحد دیدہ مے شود“ +

یہ قصہ خوان خاص طور پر تربیت یافتہ ہوتے ہیں۔ اور نسلاً بعد نسلٍ ان کا پیشہ یہی ہوتا ہے۔ بیاہ شادی ختنہ اور دیگر تقریبات مسرت میں ان کا وجود لازمی شمار ہوتا ہے +

یہ قصے عموماً نثر و نظم دونوں میں ہوتے ہیں۔ نثر کا حصہ تحت اللفظ میں تمثیلی طرز میں ادا کیا جاتا ہے اور نظم کو مزامیر کے ساتھ گاکر سناتے ہیں۔ زبان اکثر سوقی ہوتی ہے انہیں ہمارے ہاں کے ڈھوبڑیاں، یا واریں[2] گانے والے مراثیوں یا جھیوروں کا بدل سمجھ لو +

بعض قصہ خواں کسی خاص قصے کے ادا کرنے میں ماہر ہوتے ہیں مثلاً شاہنامہ خواں، یا کوراوغلی[3] خواں +

”روضہ خواں“ جیسے ہندوستان میں مرثیہ خواں یا سوز خواں

---

[1] کیپیٹل +

[2] مثلاً ”نادرشاہ دی پوڑھی“ ”چھٹیاں دی وار“ ”دُلے بھٹی دی وار“ اور ”جیمل فتا دی وار“ وغیرہ +

[3] کوراوغلی ایک ڈاکو کا نام تھا۔ جس کے کارنامے قصہ خواں لوگوں کو سناتے پھرتے ہیں +

کہتے ہیں۔ اسی سلسلہ کی ایک مذہبی کڑی ہے۔ اس کا کام یہ ہوتا ہے۔ کہ ایام محرم میں واقعات شہادت امام مظلومؑ کو اسی تمثیلی رنگ میں پڑھکر سامعین کو مصروفِ نوحہ و بکاء رکھے +

تمثیل مجلسی} اس میں ایک سنگت یا جماعت افراد قصہ کی نقل اتار کر قصے کو سامعین کے سامنے بیان کرتی ہے۔ اسے "تماشاچی" یا عاشق یا لوطی[۱] کہتے ہیں۔ اس سنگت میں بہت سے نقال ہوتے ہیں۔ جو گاؤں گاؤں دورہ کرتے رہتے ہیں۔ مزامیر کے ساتھ گاتے بھی ہیں مداری بازیگر میموں باز۔ خرس باز بھی جزو "مجلس" ہوتے ہیں۔ جو اثنائے نقل میں اپنے اور اپنے جانوروں کے کرتب دکھاتے ہیں +

تعزیہ} ملک ایران میں ایام ماہ محرم میں جو امام مظلوم و دیگر اہل بیت کی شہادت کے واقعہ ہائلہ کی یادتازہ کرنے اور واقعہ کربلا کو زیادہ موثر طور پر بیان کرنے کے لئے "مجالس تعزیہ" یا بالفاظ دیگر "تماشائے تعزیہ" کا عام رواج ہے یہ بھی مذہبی "تمثیل مصایب[۲]" کا قائم مقام ہے۔ لیکن اس میں کوئی مصطبۂ[۳] تمثیل نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی پردے اور منظر ہوتے ہیں۔ بلکہ ایک وسیع میدان کے وسط میں تیس چالیس گز مربع چھ فیٹ بلند چبوترہ (جسے "سکو" کہتے ہیں) بنایا جاتا ہے۔ اس کے گرداگرد دس فٹ چوڑا راستہ چھوڑا جاتا ہے تاکہ مقلدین جو اس میں

۱؎ ایران کے جدید محاورے میں رند۔ بے باک۔ اوباش۔ بازاری اور گندے کے معنوں میں مستعمل ہوتا ہے + ۲؎ ٹریجڈی ۳؎ سٹیج ۴؎ سین +

حصہ لینے والے ہوتے ہیں۔ اپنی نقل و حرکت بخوبی کر سکیں ۔
راستے کے چاروں طرف عورتوں اور مردوں کی نشست کے لئے (جو تعزیہ کی رات کو جوق در جوق آجاتے ہیں) علیحدہ علیحدہ مضبوط رسوں کے حلقے بنائے جاتے ہیں اور ان میں جانے کے لئے راستے بھی الگ الگ ہوتے ہیں ۔

جب سب لوگ آچکتے ہیں تو ایک توپ داغی جاتی ہے۔ جس سے تماشہ کے آغاز کا اعلان ہو جاتا ہے اس میں سب سے اول سقوں کی ٹولی آتی ہے۔ یہ لوگ پانی سے بھری مشکیں اٹھائے اپنے کرتب دکھاتے ہوئے و بیاد لب تشنہ کربلا کے نعرے لگاتے ہیں۔ یہ نظارہ امام شہید کی تشنگی کے دلخراش واقعہ کی اس طرح یاد دلاتا ہے کہ اس سے حاضرین کے نوحہ و بکا۔ جوش و خروش کی انتہا نہیں رہتی۔ ہائے حسین وائے حسین کے نعروں اور سینہ کوبی کی آواز سے آسمان گونج اٹھتا ہے۔ پھر تعزیئے کے افراد (جن میں رسالت مآب۔ دیگر انبیائے عظام۔ ملائکہ۔ اہل بیت نبوی۔ معاویہ۔ یزید۔ شمر وغیرہ کے ممثل ہوتے ہیں) داخل ہوتے ہیں۔ پیغمبروں۔ فرشتوں اور مستورات کے ممثل ہمیشہ نقاب پوش ہوتے ہیں۔ شمر و یزید کے سوانگ حاضرین کی لعنت و نفرت کے مرکز ہوتے ہیں۔ چاروں طرف سے ان پر عملی نفرت کا اظہار بھی کیا جاتا ہے جس سے اکثر اُن ممثلوں کی جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ اسلئے اس کام کے واسطے قید خانے کے مجرم انتخاب کئے جاتے ہیں ۔ سب ممثل مناسب حال لباس و اسلحہ میں اکٹھے ایک

ہی جگہ سکو پر بیٹھے یا کھڑے ہوتے ہیں۔ اثنائے تماشا میں اگر لباس تبدیل کرنے کی ضرورت ہو تو مدیر[۵۱] مصطبہ جسے استاد کہتے ہیں اس کام میں مدد دیتا ہے +

ہر ایک ممثل کے پاس اس کا "حصہ[۵۲] نظم" میں لکھا ہوا موجود ہوتا ہے۔ جہاں کہیں بھول جاتا ہے سامعین کے سامنے ہی جھٹ اس کاغذ کو دیکھکر حافظہ کو تازہ کر لیتا ہے بعض اوقات استاد بھی جس کے ہاتھ میں سارا نسخہ موجود ہوتا ہے اسے "لقمہ[۵۳]" دے دیتا ہے +

اس اہتمام سے ماہ محرم الحرام کی پہلی دس راتوں میں واقعۂ کربلا کی تمثیل دکھائی جاتی ہے +

چونکہ اس تمثیل کا محرک جذبۂ مذہبی ہے اور بطور فن کے اس کو نہیں سیکھا جاتا۔ اس لئے اس کے مقلد اکثر نکات فن میں بالکل کچے ہوتے ہیں +

لڑکوں اور مستورات کے سوانگ اکثر بے ریش اور معصوم بچے بھرتے ہیں۔ جو عموماً امرا و متمول لوگوں کی اولاد ہوتے ہیں۔ اور تبرکاً اس تماشہ میں حصہ لیتے ہیں +

تمثیل کنونی (حالیہ) } ممالک اسلامیہ میں فن تمثیل صرف مذکورہ بالا حالتوں میں پایا جاتا تھا۔ کسی نے اس کی اصلاح اور ترقی کے لئے کوئی کوشش نہ کی۔ لیکن قفقاز اور ملحقہ علاقوں کے سلطنت روس میں شامل

۵۱ سٹیج مینجر + ۵۲ پارٹ + ۵۳ پرامٹ کرنا +

ہوتے ہی شہر تفلس میں جو ان علاقوں کا شہر حاکم نشین ہے۔ روسی عامل ایم دارنسوف نے ۱۲۶۶ھ (۱۸۵۰ئہ) میں منجملہ دیگر اصلاحات کے اہل شہر کی تفریح طبع کے لئے ایک "تماشا خانہ" بھی قائم کیا جہاں روسی و دیگر فرنگستانی زبانوں کی تمثیلیں تربیت یافتہ مقلدوں کے ذریعہ نقل ہونی شروع ہوئیں۔ شہنشاہ ایران ناصرالدین شاہ قاچار نے اپنے سفرنامہ میں اس تماشا خانے کا حال ان الفاظ میں بیان کیا ہے:۔

"بنائے مختصر است سفید کاری۔ یک چہل چراغ بزرگ[۵۲] داشت که با گاز[۵۳] روشن بود۔ تماشاخانہ از صاحب منصبان روس وغیرہ پُر بود۔ بہمہ جہت دولیست نفر آدم مے گیرد۔ موزیک[۵۴] خوب زدند۔ بعد پردہ بالا رفت۔ چند اکت دادند۔ بزبان روسی حرف مے زدند۔ خوب خواندند۔ بازی و رقص و حکایات خوب نشان دادند۔ بسیار بامزہ و باخندہ بود۔ زنہا و جوانان روسی خوب و خوشگل بودند۔ یک رقاصۂ فرانسہ ہم بود بسیار خوش گل و خوب مے رقصید۔ دو سال است۔ اینجا آمدہ" +

مختصر یہ کہ فرنگستان کے بھڑکدار اور مہذب نظاروں نے قفقازیوں کی آنکھیں کھول دیں۔ اور ان تماشوں کی دلچسپی اور دلآویزی کا یہاں تک اثر پڑا کہ اُنہیں اپنے ملکی ذرائع تفریح بھونڈے معلوم ہونے لگے +

[۵۱] روسے [۵۲] ایک دھات ہوتی ہے [۵۳] گیس + [۵۴] بینڈ ۱۰+

مردخسیس وغیرہ کا اصلی مصنف اور اسکی تصنیف کی وجہ

چنانچہ مذکورہ بالا تمثیلات کا اثر سب سے زیادہ مرزا
فتح علی اخوانزادہ کے دل پر ہوا + یہ شخص تاتاری النسل تھا
اور اس کے آبا و اجداد کا وطن قراجہ داغ تھا۔ اسکا والد دربند
میں پیشۂ معلمی کرتا تھا۔ اس وجہ سے اخوانزادہ (اخوندزادہ)
کے لقب سے ملقب ہے + روسی رعایا ہونے کی حیثیت سے
وہ روسی فوج میں داخل ہوگیا تھا + اس نے علوم مروجہ میں
بہت اعلےٰ تعلیم پائی تھی۔ اور فرنگستانی رسوم و آداب کا بہت
شیدا تھا۔ اپنی قوم اور اُس کی کمزوریوں کا نبض شناس تھا +
اس نے روسی تماشاخانۂ تفلس کی کامیابی اور فوائد سے
متاثر ہوکر آذری ترکی میں (جو فارسی اور ترکی کی معجون مرکب
ہے) ایک تاریخی حکایت اور چھ تمثیلیں اس تماشاخانے
میں نقل کئے جانے کی امید پر لکھیں۔ جن کے نام بقید سنہ
تالیف درج ذیل ہیں:۔

(۱) ملّا ابراہیم خلیل کیمیاگر۔ ۱۲۶۷ھ (۱۸۵۰ء)
(۲) موشیوژوردان۔ ۱۲۶۷ھ (۱۸۵۰ء)
(۳) خرس قولدورباسان۔ ۱۲۶۸ھ (۱۸۵۱ء)
(۴) وزیر خاں سراب۔ ۱۲۶۸ھ (۱۸۵۱ء)
(۵) مردخسیس۔ ۱۲۶۹ھ (۱۸۵۲ء)

(٦) وکلائے مرافعہ۔ ۱۲۷۲ھ (۱۸۵۵ء)

(۷) قصۂ یوسف شاہ سراج ۱۲۷۲ھ (۱۸۵۵ء)

پھر ان سب کو ۱۲۷۶ھ (۱۸۵۹ء) میں یکجائی طور پر تفلس میں بنام "تمثیلات قاپودان مرزا فتح علی اخونزادہ" چھپوا کر شائع کیا۔ اور اپنے افسر جنرل بریاٹنسکی کے نام پر معنون کیا +

ہم یہاں پر مصنف کی تمہید کا فارسی ترجمہ تمام و کمال نقل کرتے ہیں۔ تاکہ معلوم ہو سکے کہ اس نے کن فوائد کو مدِ نظر رکھ کر ان کے لکھنے کے لئے قلم اٹھایا تھا۔ وھی ھذا:-

در طبیعت انسان دو خاصیت عمدہ نہادہ شدہ یکے غم و دیگرے فرح۔ گریہ علامت غم۔ خندہ نمونۂ فرح است۔ گاہے دوقوع مصائب و صدور مفرحات وگاہے تقریر و تحریر آنہا ایں دو حالت را در مزاج انسان ظاہر مے کند + در صورت تقریر و تحریر عمدہ مؤثر برائے غم و فرح و گریہ و خندہ و صنع حکایت است۔ اکثر اوقات از مصائبے کہ بوضع نامرغوب مذکور شدہ است۔ آدم متاثر نمے شود۔ لیکن ہماں مصیبت را بوضع پسندیدہ علیحدہ کہ نقل نمایند کما ینبغی تاثیر مے بخشد۔ چنانکہ در مجالس روضہ خوانان ناقص و کامل ایں ہر دو کیفیت مکرر مشاہدہ شدہ۔ اگر نقل مصیبت[۵۱] یا ہجتے[۵۲] کہ از طبائع و اخلاق بشریت مذاکرہ مے شود۔ کماہی و فے الواقع مذکور شدہ بطبیعت مستمع مقبول و موثر بیفتد۔ واضع و

---

۵۱ ٹریجڈی + ۵۲ کومیڈی +

مصنف ہماں نقل را حکیم روشن روان و عارف طبائع انسانی مے گوئند و ناقل کامل آں سخن گوئے کامل۔ فائدہ نقل مصیبت وبہجت بیان کردن اخلاق وخواص بنی نوع بشر است کہ مستمع بخوبیہائے آں خوشحال وعامل و از بدہائے آں متاذی و غافل گردد وہم نفس امارہ از اشتغال ایں قسم حکایت متلذذ شدہ بجلب سرور معاصی و مناہی میل نکنند +

در ممالک فرنگستان ارباب عقول سلیمہ بفواید ایں عمل برخورد شدہ از عصرہائے قدیم در شہرہائے عظیم عمارات عالیہ باسم تیاٹر[اله] برپا کردہ۔ گاہ کیفیت مصیبت و گاہے کیفیت بہجت را بواسطۂ تشبیہات اظہار مے نمائند +

درمیان ملت اسلام تا ایں زماں ہمیں نقل مصیبت[۵۲] متداول بودہ ایں ہم بواسطۂ تشبیہ و تقریر درکمال نقصان وقصور + یعنی اولاً وضع انشائے مصائب موافق واقع و مطابق طبع انسانی بعمل نیامدہ + ثانیاً ناقلان آں از روے بصیرت تربیت نہ شدہ ہرکس خود سر بایں امر اقدام کردہ از لوازمات جاہل و از شرائط آں غافل است + ثالث برائے اجرائے ایں امر عظیم درمیان ملت اسلام ہرگز تدارکاتے مہیا نیست۔ بنا بریں کیفیت تشبیہات کہ یکے از الذ نعم دنیا است در غایت رکاکت ظہور مے کند

[اله] تھیٹر +
[۵۲] تعزیہ +

مثلاً یک چیزے جزئی ہم کہ شبیہ[1] در حالت تکلم قاری بہ نظر نیاید چارہ جو نہ شدہ اند - شبیہ باید کہ از حفظ موافق اصطلاح مکالمہ بکند - مے بینی یک ورق کاغذ دست گرفتہ با عبارات غلیظہ درسیہ مے خواند - با این حالت تقریر شبیہ چگونہ بطبیعت انسان مؤثر خواہد افتاد + اما نقل بہجت بواسطہ تشبیہات ہرگز رسم نیست - درین خصوص تا حال تصنیفے نوشتہ نشدہ است - باوجود اینکہ نقل بہجت متضمن مواعظ عجیبہ و نصائح غریبہ است - کہ اگر بوضع بہجت فزا و طرب انگیز بیان نشود ہرگز طبیعت خاص و عام باستماع آنہا راغب نخواہد گشت +

مجالس نقل بہجت از قراریکہ در فرنگستان متعارف است اگر بہ کمال وقت ملاحظہ بکنی چیزے بخلاف ادب و حیا درآنجا مشاہدہ نمے شود +

اس سے کچھ عرصہ پہلے جلال الدین مرزا پسر فتح علی شاہ قاچار نے نامۂ خسرواں ایک کتاب ایران کی تاریخ میں لکھی - اور اُس کی متعدد جلدیں اپنے احباب کو بھیجیں - ایک جلد مرزا فتح علی کو بھی (جس سے صرف علمی مناسبت کی وجہ سے ہی تعارف تھا) - تفلس میں بھیجی - مرزا نے اسکے عوض میں اپنی تمثیلات کی ایک جلد شاہزادے کو ارسال کی - اور سرورق پر یہ بھی لکھدیا کہ اگر ان کا ترجمہ فارسی میں بھی ہو جائے تو خالی از دلچسپی و فائدہ نہ ہوگا - مگر کسی وجہ سے یہ کتاب بہت عرصے تک زینت طاق فراموشی رہی +

[1] ایکٹر +

مرزا جعفر مترجم تمثیلات

جلال مرزا جیسا خود صاحب علم تھا ویسا ہی قدردان اہل علم و کمال تھا۔ بہت سے اہل قلم اس کے سلک ملازمت میں منسلک تھے۔ ان میں قراجہ داغ کا رہنے والا مرزا جعفر بھی تھا۔ جس کا تخلص تحقیق تھا +

تاریخ اور تذکرے اس باکمال کے مفصل حالات زندگی سے بالکل خالی ہیں۔ ہاں اس کے خود بیان کردہ واقعات[۱] سے جو مسٹر سڈنے چرچل نے شائع کئے ہیں۔ اتنا معلوم ہوتا ہے کہ مرزا کی پیدائش ۱۸۳۲ء میں قراجہ داغ میں ہوئی تھی۔ وہ "قاپو دان" فتح علی سے اس سے دور کا رشتہ بھی تھا۔ اس کی بیوی مر چکی تھی۔ اور مرحومہ کی یادگار ایک اکلوتی بیٹی تھی جسے وہ بہت پیار کیا کرتا تھا۔ وہ ایران کے مروجہ طریقۂ تعلیم کو بہت ناپسند کرتا تھا۔ اور نصاب جو اس ملک کے مدارس میں جاری تھے اس قابل نہ تھے۔ کہ طلبا میں صحیح قابلیت پیدا کر سکیں۔ اور اس فکر میں رہتا تھا۔ کہ کس طرح اس طریقۂ تعلیم کی اصلاح ہو؟ اتفاقاً اسی فکر میں ایک دن اسے اپنے مربی شاہزادۂ جلال مرزا کے

سلہ جرنل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی مطبوعہ ۱۸۸۶ء

کتب خانہ میں مرزا فتح علی کی تمثیلات کی وہ جلد جو مصنف نے بھیجی تھی ہاتھ آگئی۔ اُس نے اس کو بڑے شوق سے پڑھا۔ اس قدر لطف آیا کہ اُسی وقت ارادہ کر لیا کہ جس طرح بھی ہو۔ مصنف کی خواہش (در بارہ ترجمہ فارسی) کو پورا کیا جاوے۔ چنانچہ سب سے پہلے ملّا ابراہیم خلیل کیمیا گر کا ترجمہ ۱۲۸۸ھ (۱۸۷۲ء) میں کر کے شاہزادے کے سامنے پیش کیا۔ شاہزادہ اُس کی خوبیاں دیکھ کر بہت ہی خوش ہوا۔ اور مترجم کا حوصلہ بڑھایا۔ اور باقی حصوں کے ترجمے میں جلدی کرنے کی تاکید کی۔ چنانچہ ۲۔ جمادی الثانی ۱۲۸۹ء کو موشیو ژوردان کے ترجمے کی تکمیل ہوئی۔ یہ دونوں کتابیں شائع ہونے بھی نہ پائی تھیں کہ جلال مرزا کا انتقال ہوگیا اور مرزا جعفر کی ملازمت بھی جاتی رہی۔ بیکاری میں اس کو بہت سی مشکلات کا سامنا رہا۔ کبھی کبھار کوئی ملازمت مل جاتی تھی۔ لیکن مستقل ذریعہ روزگار کوئی نہ تھا۔ تاہم اس نے ہمت نہ ہاری اور ترجمے کا کام برابر جاری رکھا۔ چنانچہ خرس قولدور باسان و قصۂ یوسف شاہ سراج ۱۲۹۰ھ میں ختم ہوئے۔ اور سرگذشت وزیر لنکران۔ مرد خسیس اور وکلائے مرافعہ ۱۲۹۱ھ میں شائع کئے۔

خرس قولدور باسان کو شائع کرتے وقت ایک مختصر تمہید بھی لکھی ہے۔ جسے ہم ذیل میں درج کرتے ہیں تاکہ معلوم ہوسکے کہ مترجم نے کن حالات میں اس ترجمے کو شائع کیا تھا

لـه دیکھو فارسی کی تیسری کتاب مؤلفہ راقم الحروف۔

وہ لکھتا ہے :-

چندے قبل دو تمثیل ازیں تمثیلات کتاب تماشا خانہ محض تصحیح و امتحان بچاپ رسانیدہ تقدیم حضور اعاظم و معارف نمود۔ چوں در نظر خاص و عام مقبول و فوائدش نسبت بعموم مردم مشہور و محقق گردید۔ لازم آمد کہ ؎

اذا قلت فی شئ نعم فاتمہ
فان نعم دین علی الحر واجب[1]

باقی تمثیلات ایں کتاب نیز بعون اللہ بچاپ برسد۔ ولے از انجا کہ خواہ بصیغہ انعام و خواہ باعطاء قیمت از ہیچ جا اعانتے بعمل نیامد۔ برائے متصدی موجب کسالت و سبب تاخیر ایں تمثیل سیُم آمد۔ تا ایں روزہا بمفاد "الامور مرہون باوقاتہا" ایں تمثیل بہر نحوے کہ بود بہ چاپ رسید۔ امید از قدر دانئے خداوندان مرتبت آن ست کہ ایں نسخہا کہ از عدم شہرت و تازگی تقدیم حضور ایشاں مے شود ہر کہ را میل قبول نبودہ باشد "الیاس احدی الراحتین" نسخہ را برافع رد نمودہ متصدی را منتظر نگذارند و اگر چنانکہ بصرافت طبع ملاحظۂ آں رغبت فرمودند برائے یک ہیچ

---

[1] ترجمہ۔ جب تونے کسی کام کی ہاں کرلی تو اُس کو پورا کر۔ کیونکہ ہاں ایک قرض ہے جس کا ادا کرنا شریف پر واجب ہو جاتا ہے۔

نسخہ کہ دو ہزار قیمت و پنجہزار انعام قرار دادہ شدہ مضائقہ نفرمودہ حین قبول نسخہ یکے ازین دو التفات را دربارۂ حامل بہ فرمائند کہ متصدی را امیدواری حاصل شدہ از توجہ تربیت ایشان ہمہ کتاب بہ چاپ برسد۔ واز فوائد مندرجہ خاص و عام بہرہ مند شوند۔ هوالمستعان والیہ التکلان"۔

پھر ۱۲۹۱ھ میں چھیوں تمثیلوں اور قصہ یوسف شاہ سراج ... طہران سے شائع کیا۔ اور مرزا فتح علی مصنف ... کے پاس تفلس میں بھیجا۔ جس نے انہیں بے انتہا پسند کیا ... اپنے خطوط میں مترجم کی مساعی کی بہت تعریف کی۔

۱۸۸۶ء میں ... پرسے مینارکے لئے فرانسیسی قونصل متعینہ تبریز نے مصنف اور مترجم کے حالات پر ایک ... لکھکر بھیجا تھا۔ جس کا انگریزی ترجمہ جرنل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی لنڈن بابت ۱۸۸۶ء میں درج ہے۔ اس سے مصنف و مترجم کے تعلقات پر روشنی پڑتی ہے۔ ہم اس کے اس حصے کا اقتباس ذیل میں درج کرتے ہیں:-

"مرزا جعفر ایرانی حج کے ارادے سے تفلس میں سے گذر رہا تھا کہ وہیں مرزا فتح علی سے شناسائی ہوگئی۔ اور دونو میں اتحاد پیدا ہوگیا۔ مرزا جعفر کی ملاقات وہاں کے چند ایرانی آزاد منش لوگوں سے ہوگئی۔ جن کی صحبت کا یہ اثر ہوا کہ وہ حج کے ارادے سے دست بردار ہوکر وہیں مقیم ہوگیا۔ اور سلطنت روس کی ملازمت بھی کرلی۔ اس عرصے میں اپنے دوست مرزا فتح علی کی

تمثیلات کا فارسی ترجمہ کیا۔ اور تفلس میں ہی ۱۸۸۳ء میں اس کا انتقال ہوگیا۔ دس ہزار تومان (قریباً ساٹھ ہزار روپیہ) ترکہ چھوڑا۔ جو اس کے وارثوں نے تفلس جاکر واگذار کرالیا +

لیکن خود مرزا جعفر کو ان سب باتوں سے انکار ہے[۵] +

اسکے اپنے بیان کا خلاصہ یہ ہے :-

(۱)- مرزا جعفر کے پاس کبھی اتنا روپیہ نہیں ہوا۔ جس کا ذکر اوپر کے اقتباس میں ہے +

(۲)- مرزا جعفر کبھی تفلس میں نہیں گیا۔ اور نہ ہی مرزا فتح علی سے اس کی کبھی ملاقات ہوئی +

(۳) دونوں میں خط و کتابت کا سلسلہ تھا۔ اور وہ بھی تمثیلات کے ترجمہ کرنے کے دوران میں جاری ہوا +

(۴) مرزا جعفر ۱۸۸۶ء تک زندہ تھا۔ اور ۱۸۸۴ء سے سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر گوشہ نشین ہوگیا تھا۔ اور ناقدری ابنائے زمان کا شکوہ سنج تھا +

مقدمۂ مرزا جعفر

مرزا جعفر نے اپنی تمثیلات کے شائع کرنے پر جو مقدمہ لکھا ہے۔ وہ ہم یہاں بتمامہ نقل کرتے ہیں :-

"ہرچند تاکنوں وجودم را اثرے و اعمال بے اثرم مثمر ثمرے واز تہذیب اخلاقم خبرے نشدہ نشانہ و یادگارے نہ دارم ایں اوقات ہم کہ بایں توفیق موفق مے شوم۔ باز از برادراں امیدوار

---

[۵] جرنل آف دی رائل ایشیاٹک سوسائٹی ۱۸۸۶ء +

چنانم بتوجہ ونظر مرحمت خود شاں بہر نحوے کہ دانند ہمراہی فرمائند
کہ انشاءاللہ از پرتو تشویق ایشاں قوت ناطقہ قوت گرفتہ بیشتر
از پیشتر برائے انتشار ایں علم شریف ساعی شوم +
علم شریف تہذیب اخلاق کہ ہرگز بنوع کومڈی و بہ فن لطیف
تیاتر کہ الطف سخناں و الذ گفتگوہاست بزبان فارسی نوشتہ
نہ شدہ ۔ ہموطنانم ازیں تمتع مہجور اند ۔ انشاءاللہ بتوسطِ خامۂ
ایں گمنام دریں نامہ بزبان فارسی نگارش یافتہ یادگار بماند کہ
چوں انتشار و اشتہارش برائے اہل مملکت وسیلۂ بصیرت
و برائے خارجہ در آموختن زبان فارسی اسباب سہولت است
ایں آثار نام مرا بہتر از فرزند خلف زندہ و پایدار میدارد و برائے
طالبان تحصیل فارسی تاکنوں بایں سادگی و بے حشو و زوائدے
نمونۂ نوشتہ نہ شدہ +
اہل خارجہ و ترکان آذربایجاں وغیرہ را بہ جہت آموختن
زبان فارسی مداومت و مواظبت ایں تمثیلات از ممارست
سائر کتب فرس مفید تر و برائے رفع ہرگونہ کدرانیس بے
دردسر و جلیس بے زحمت وضرر خواہد بود +

سبب ترجمہ ومقصود از آن

مراد ازیں تالیف و ترجمہ تہذیب اخلاق درضمن مکالمۂ مضحکہ بہ
عبارت سہل ومصطلح بہ طرز تماشاخانہائے فرنگستان بطوریکہ
عمل درصورت تشبہ یعنے شناختن زشت و زیبائے خوئے

سلہ کومیڈی و تمثیل بہجت + سلہ تھیٹر +

انسان است - بتماشائے شکل و شباہت و شنیدن سخنان خوش مزہ بے اغراق و موافق طبع +

چوں حکمائے عصر متفق و معتقد شدہ اند براینکہ عیوب و قبائح را چنانکہ تمسخر از طبیعت انسان بیروں مے برد ہیچ قسم نصیحت و پندے نمیتواند برد - وہمچنانکہ استہزا ایشاں را برآں مے دارد کہ ترک اعمال قبیحہ مے نمایند - ہیچ گونہ موعظہ و پندے ایں طور موثر نمے افتد - بنا برآں اشتہار و انتشار علم تیاتر را کہ مستجمع افعال قبیحہ و مستحسنۂ بنی نوع انسان است لازم دانستہ امثال اتفاقیہ و حادثات واقعہ را کماہی بے میل و غرض تالیف کردہ دقائق مطالب تہذیب اخلاق را خواندہ بخواندن ونقل کردن و خواہ بدرس دادن و تشبیہ نمودن بردم وا نمود مے کنند - تا بہ کردارہائے خوب راغب و از کارہائے زشت بپرہیزند +

ایں بندہ کتابے بزبان ترکی دیدہ فوائد و منافع آں را مشاہدہ کردہ افسوس خوردم کہ چرا تا امروز ما اہل ایران ازیں استفاضہ محروم ماندہ ایم - محض خدمت ہموطناں و حصول اطلاع از فواید عائدۂ تیاتر و تازگی و خوش طرحئے ایں چندے بہ ترجمہ آں پرداختہ معروض نظر ارباب کمال مے نمائد - صرف نظر از فوائد عامہ کہ از قول[له] مصنف در ترجمہ عرض خواہد شد - فائدۂ خاص را نیز دریں ضمن مراعات کردہ برخلاف سلیقہ چیز نویسان قدیم از قید عبارت مغلقہ والفاظ مشکلہ رہائیہ ہ

[له] دیکھو صفحہ ۱۲-۱۳-۱۴ +

بزبان عوام وسخنان روان وکلمات مانوس وعبارت معروف
این کتاب مستطاب را نوشته باتمام رسانید۔ که بے سواد و
باسواد ہردو بخواندن وشنیدن از فواید آں بہرہ مند شوند
واطفال مظلوم کہ ہمیشہ برائے یادگرفتن ترکیب کلمہ و
آموختن ہجی در ورطۂ عبارات مغلق مستغرق وگرفتار
اند۔ بخواندن این کتاب کہ بزبان خود آنہا مسطور است۔
خلاصی یافتہ سہولت عبارت و مانوسئے سخنان وسیلۂ
تشویق وترغیب آنہا گردیدہ آنچہ کہ مے خوانند و مے آموزند
معنی آں را نیز فہمیدہ بصیرت روشنائی حاصل کنند +
محقق است کہ لذت فہم معانی وحصول بصیرت وسیلۂ
شوق ورغبت درس ومعرفت گشتہ از روئے میل طبیعی
وخواہش خود بدرس خواندن اقدام خواہند نمود +
ہمچنیں کسانیکہ فارس نہ بودہ ایام قبل سانہا برائے آموختن
زبان فارسی زحمت کشیدہ از روئے کتب فرس و یا
ترجمہ ہائے انجیل وتوراۃ تحصیل فارسی مے نمودند و بے
وقت حرف زدن یا چیز نوشتن (دیدہ و شنیدہ است) کہ
چہ مے گفتند وچہ مے نوشتند ایشاں مورد ملامت نیستند۔ اما
بعد از قرنے زحمت وریاضت از وصول مدعا تہیدست مے بودند+
امید دارم بخواندن ومداومت این تمثیلات از قیود آں عیوب
مستخلص وبرائے تحریر وتقریر ضروری از زحمت کثیر مستغنی شوند
بارے چندانکہ برائے اطفال مملکت فارس خواندن این کتاب

ضرورت دارد - دوچنداں برائے بزرگ و کوچک غیر ممالکت فارس مداومت ایں تمثیلات لازم و درکار است" +

لیکن افسوس ہے کہ اہل ملک و ملّت نے مترجم کی عملی قدر دانی نہ کی اور اسے عمر بھر اس بات کا افسوس رہا کہ نہ تو اس کی ترجمہ کردہ تمثیلات کی اہل ملک نے تماشا خانہ میں نقل کی اور نہ ہی انہیں بطور نصاب تعلیم مدارس میں داخل کیا + اس ناقدری کی وجہ یہ ہے کہ مکتبوں کے معلم تعلیم کے پرانے طریقوں اور نصاب مروجہ کو آسانی سے چھوڑنے والے نہ تھے علاوہ ازیں ان تمثیلوں کی تکلمی اور سوقی زبان ان کے خیال میں متانت کی منافی تھی اس لئے تعلیمی نصاب میں ان کو داخل کرنے کی بہت مخالفت کی گئی +

تشبیہی حیثیت سے ان کی ناکامی کا باعث یہ ہے کہ اوّل ایران میں فن تشبیہ ابھی ابتدائی حالت میں تھا - اور تمام نظاروں کو تماشائیوں کے سامنے پیش کرنے میں بہت دقّت تھی - دوسرے چونکہ ان میں ملّاؤں رمالوں فالگیروں نجومیوں اور حکام عدالت کے خاکے مضحکہ آمیز رنگ میں اڑائے گئے ہیں اور ممالک ایشیا اور خصوصاً ایران میں عامۃ الناس پر ان کا اثر اور نفوذ بہت زیادہ ہے - اس لئے ان لوگوں کی علانیہ تضحیک آسان بات نہ تھی تاہم اتنا معلوم ہے کہ بعض اصل آذری اور فارسی ترجموں کی نقلیں، مختلف اوقات میں تماشا خانوں میں دکھائی گئی ہیں +

ہاں ممالک غیر کے فارسی آموزوں نے ان کتابوں کا تپاک سے خیر مقدم کیا - اور ایران کی تکلمی زبان کے سیکھنے میں ان سے معتدبہ

فائدہ اُٹھایا اور اٹھا رہے ہیں۔ یورپ کی اکثر زبانوں میں ان کے ترجمے اور حاشیئے شائع ہو چکے ہیں اور اکثر تعلیمی مجلسیں ان کو فارسی زبان کے نصاب میں داخل کر رہی ہیں۔ ایران کے آئندہ تعلقات بین الاقوامی کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان کی مانگ اور قدر اب بہت بڑھ جائے گی +

ان تمثیلوں کے شائع ہوتے ہی ایرانی اہل قلم نے اپنے ہاں اس فن کی ترویج اور ترقی کی طرف توجہ کی اور تھوڑے ہی عرصہ میں اس فن کے متعلق بہت سی کتابیں شائع ہوئیں۔ جن میں سے اکثر ترجمے ہیں۔ منجملہ ان کے شکسپیئر کے ہنری چہارم کا انگریزی سے مولیر کے متعدد ڈراموں کا (جن میں سے طبیب اجباری بہت مشہور ہے) فرانسیسی سے اور تیاتر ضحاک (جس میں ضحاک اور فریدوں کا قصہ خالص تاریخی رنگ میں بیان کیا گیا ہے) کا ترکی سے ترجمہ کیا گیا۔ بامذاق مستورات نے بھی ادھر توجہ کی چنانچہ تاج ماہ آفاق الدولہ ہمشیرہ آقائے مرزا اسمٰعیل خاں اجودان باشی نے نامۂ نادری (نادر شاہ افشار کے عروج وزوال کے واقعات میں) ترکی سے ترجمہ کیا +

کچھ مدت ہوئی ہندوستان میں بھی رسالہ زمانہ کانپور کے اڈیٹر نے نواب ہندی نام ایک فارسی ڈرامہ شائع کیا تھا۔ جس میں گو محاورۂ جدید ایران کو نباہنے کی بہت قابل قدر کوشش کی گئی ہے تاہم "ہندیت" کی جھلک صاف نظر آتی ہے +

سرگذشت مرد خسیس

یہ تمثیل جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے ۱۲۹۱ھ میں ترجمہ ہوئی تھی۔اس میں علاقہ قفقار کے تاتاری قبائل کے رواجات۔اخلاق بود و باش کا نقشہ دکھایا گیا ہے۔جو ابھی تک روسی حکومت کی جکڑ بندیوں سے مانوس نہیں ہوئے۔چوری چکاری رہزنی کی روک تھام کو سدّ رزق خیال کرتے ہیں۔تجارت و زراعت کو ذلیل سمجھتے ہیں حکومت کی طرف سے عاید کردہ تجارتی پابندیوں کو برا سمجھتے ہیں ہر ایک قانون کو اپنی آزادی کے منافی جانتے ہیں۔غرضیکہ نئی حکومت میں وہ مرغ نو گرفتار کی طرح پھڑپھڑا کر جال سے باہر نکلنے کی کوشش کرتے ہیں مگر بے سود۔

مصنف مرزا فتح علی روسی حکومت کا نمک خوار ہے اور قدرتاً اسی کی طرفداری کرتا ہے۔تاہم وہ اپنی قوم کی کمزوریوں اور نقصوں سے بھی واقف اور متاسف ہے۔اور جہاں لوگوں کو حکومت اور پابندیے قوانین کے فوائد سے آگاہ کرتا ہے وہاں دبی زبان سے حکومت کی کمزوریوں اور خصوصاً پولیس کے ہتھکنڈوں اور چالاکیوں کو بھی ظاہر کئے بغیر نہیں رہتا۔

اس تمثیل کی زبان بازاری ہے جو عوام الناس طہران اور اس کے گرد و نواح میں بولتے ہیں۔کتابی زبان کی طرح اس میں عربی اور ترکی الفاظ کی جا و بیجا بھرمار نہیں ترکیبیں بالکل سادہ اور عام فہم ہیں طرز ادا میں آمد اور روانی بہت ہے عالمانہ پیچدار ترکیبوں مغلق و مشکل الفاظ اور مترادفات کا استعمال بالکل نہیں

تصنع اور تکلّف سے بالکل پاک و صاف ہے۔ محاورۂ جدید کی بعض خصوصیات (جن کی طرف فرہنگ میں جابجا اشارہ کیا گیا ہے) اور جن کا استعمال اس کتاب میں ہے درج ذیل ہے :-

(۱) اسم کی جمع بنانے کے لئے عام اس کے کہ وہ جاندار کے لئے ہو یا بیجان کیلئے عموماً علامت جمع ہوتی ہے "ان" کا استعمال آجکل بہت کم ہے +

(۲) ضمائر جمع کے بعد بھی مزید تاکید کے علامت جمع لگائی جاتی ہے +

(۳) ترکیب اضافی میں مضاف الیہ کے بعد علامت جمع کا استعمال ہوتا ہے +

(۴) ضمائر متصل کا استعمال ضمائر منفصل کی نسبت بہت زیادہ ہے اور اکثر حروف کے بعد بھی لگا لیتے ہیں +

(۵) اگر کسی اسم کے بعد حرف علت ہو تو خلاف قاعدۂ قدیم ضمیر متصل لگاتے وقت اس کے ماقبل یٰ کی ضرورت نہیں +

(۶) گفتگو میں کاف بیانیہ۔ کاف صلہ۔ حروف عاطفہ۔ حروف شرط اور حروف جر کے حذف کی طرف بہت زیادہ میلان ہے +

(۷) کہ تاکید کیلئے اور بجائے حرف شرط اکثر استعمال ہوتا ہے +

(۸) اسماء بھی صفتی معنوں میں مستعمل ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ علامت تفضیل بھی لگا لیتے ہیں +

(۹) صفات اور اسماء دونو کے ساتھ کَ تصغیر کا استعمال کر لیتے ہیں +

(۱۰) فعل حال اور فعل ماضی۔ فعل مستقبل کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں +

(۱۱) اسم مفعول سماعی کے بعد بعض وقت لفظ ”شدہ“ علامت اسم مفعول تاکید کے لئے لگاتے ہیں +

(۱۲) ایک ہی جملہ میں واحد کے لئے ضمیر کبھی واحد ہوتی ہے اور کبھی جمع خصوصًا مخاطب کے صیغوں میں +

(۱۳) فاعل واحد کے فعل جمع اور بالعکس کا رواج عام ہے +

(۱۴) لفظ ”بندہ“ عمومًا قائم مقام ”من“ سمجھ کر فعل متکلم استعمال کرتے ہیں +

(۱۵) کلمات ذیل کے استعمال کا رواج محاورۂ جدید میں بہت ہے

توے (اندر) روے۔سر (بر) پاے (زیر) جلو (پیش) محض (برائے) دم (نزد۔در) بلکہ (شاید) خیر (نہ) وغیرہ وغیرہ +

خلاصۂ تمثیل سرگذشت مردخسیس

مجلس اوّل

حیدر بیگ چاندنی رات میں بستی کے باہر بیٹھا اپنے دوست صفر بیگ کے سامنے اپنا دکھڑا رو رہا ہے کہ روسی حکومت کی پابندیوں کی وجہ سے ان کی قوم اور ملک کے ہنروں کی سخت بیقدری ہو رہی ہے۔ نہ سواری کا کوئی شائق نظر آتا ہے اور نہ چوری و رہزنی کا مشتاق۔ حکومت کی طرف سے تاکید ہوتی ہے کہ چوری نہ کرو۔ لوٹ مار نہ کرو۔ بلکہ تجارت و زراعت کے ذریعے روزی کماؤ۔ یہ پیشے اس کے

خیال میں شرافت اور جوانمردی کے منافی ہیں۔ تجارت ذلیل لوگوں کا کام ہے۔ اور کاشتکاری کو بہادری وجواں شیری سے کوئی مناسبت نہیں۔ پنجالنگ کہیں دَورے پر آیا تھا۔ حیدر بیگ کو چوری چکاری سے باز رہنے کی تاکید کر گیا تھا۔ چونکہ اور کوئی ذریعہ آمدنی نہیں اسلئے بہت جھلایا ہوُا ہے۔ علاوہ اس کے مصیبت یہ ہے کہ اسے صونا خانم سے عشق ہے گو اس کے ماں باپ نے دونوکی شادی منظور کر لی ہے مگر افلاس وبے زری باقاعدہ شادی کرنے میں مانع ہے۔ بنا بر آں اپنی محبوبہ سے وعدہ لے آیا ہے کہ وہ اس رات کو اسکے ساتھ فرار ہو جاویگی۔ چنانچہ اسی مطلب کے لئے وہ اسوقت باہر بیٹھا اپنے دوسرے دوست عسکر بیگ کا منتظر ہے۔ اتنے میں وہ بھی آجاتا ہے اور تینوں میں اس مضمون پر گفتگو چھڑ جاتی ہے۔ حیدر بیگ دل میں اس طرح بھگا لانے کے خلاف ہے کیونکہ وہ اسے قابل شرم اور ذلیل سمجھتا ہے اس لئے کچھ متردد سا ہے۔ وجہ دریافت کرنے پر وہ حقیقت حال بیان کرتا ہے اور اپنی بے زری کا رونا روتا ہے۔ عسکر بیگ تجویز کرتا ہے کہ حاجی قرہ سوداگر آغچہ بدیعی سے روپیہ قرض لیکر تبریز سے فرنگستانی کپڑا (جس کی درآمد کی علاقہ میں حکومت روس کی طرف سے ممانعت ہے) خرید کر لایا جاوے اور اس کی فروخت سے نفع کمایا جاوے۔ اس تجویز پر سب کا اتفاق ہو جاتا ہے۔ مگر چونکہ حیدر بیگ نے صونا خانم سے اسی رات کو بھگا لیجانے کا وعدہ کر رکھا ہے اور اس کے انتظار کا خیال ہے اس لئے وہ اپنے دوستوں سے اجازت لیکر تنہا اس کے پاس جاتا ہے کہ اسے اپنی تجویزوں کے متعلق مطلع کرے۔

صبح کو ملنے کا وعدہ کرکے تینوں دوست علیحدہ ہو جاتے ہیں +

ادھر صونا خانم اپنے خیمے سے نکل کر حیدر بیگ کا بڑے اضطراب سے انتظار کر رہی ہے۔ چونکہ وقت زیادہ ہوتا جاتا ہے اور حیدر بیگ حسب وعدہ ابھی تک نہیں آیا اور بے چینی اور سراسیمگی کے عالم میں خود بخود باتیں کرنا شروع کر دیتی ہے دل میں طرح طرح کے خیالات گذر رہے ہیں حیدر بیگ کی طبیعت اور افتاد سے خوب واقف ہے اسے خطرہ ہے کہ کہیں چوری چکاری میں پکڑا نہ گیا ہو۔ کیونکہ ابھی تھوڑا عرصہ ہی گذرا کہ اسی چوری کی وجہ سے دو سال تک مفرور رہا ہے۔ کبھی اس کی محبت کے بارے میں مشکوک ہو جاتی ہے اور تنگ آکر ترک الفت پر آمادہ ہو جاتی ہے۔ مگر اسے یہ بھی امر محال معلوم ہوتا ہے۔ آہٹ کے لئے ہمہ تن گوش بنی ہوئی ہے۔ کشمکش بیم و رجا کی زندہ تصویر ہے اتنے میں کسی کے پاؤں کی آواز سے چونک اٹھتی ہے اور تھوڑی دیر میں حیدر بیگ اور وہ باہم سرگرم گفتگوئے ناز و نیاز نظر آتے ہیں۔ صونا خانم جذبات عشق کے ہاتھوں بے قابو ہوئی جاتی ہے اور حیدر بیگ کو تاکید پر تاکید کئے جاتی ہے کہ جلدی بھاگ چلو مگر وہ محبت بھرے الفاظ میں بھگا لے جانے کی بے شرمی و بے حیائی کے نتائج اس کے سامنے بیان کر رہا ہے اور سمجھاتا ہے کہ ایک دو ہفتے صبر کرو۔ میں کہیں سے روپیہ کا انتظام کرکے باقاعدہ نکاح کرکے تمہیں لے جاؤں گا۔ اور اس کو اپنی تجویزوں کے متعلق بھی بتا دیتا ہے۔ مگر صونا خانم کی بے صبری کے سامنے اس کی پیش نہیں جاتی جو ہر بات کو کاٹ دیتی ہے۔ اور اس بات پر تُلی ہوئی ہے کہ اگر مجھ سے محبت ہے تو ابھی بھگا لے چلو

آخر اُسے بادل ناخواستہ اس بات پر آمادہ کرہی لیتی ہے اور اچک کر گھوڑے پر سوار ہوتا ہی چاہتی ہے کہ سفیدۂ صبح نمودار ہو جاتا ہے اور اس کی ماں اسے خیمہ میں نہ پاکر اُسے زور سے پکارتی ہے صونا خانم اب مجبور ہو جاتی ہے اور ماں کی نظروں سے اوجھل ہونے کے لئے زمین پر بیٹھ جاتی ہے اور حیدر بیگ مختصر مگر محبت آمیز الوداعی کلمات کے ساتھ رخصت ہو جاتا ہے +

ماں نوجوان بیٹی کے اکیلے بے وقت باہر رہنے کی وجہ دریافت کرتی ہے۔ بیٹی چالاکی وعیاری سے جواب دیتی ہے کہ میں کل شام تک غالیچہ بچھائے کام کرتی رہی واپسی پر اسے لے جانا بھول گئی تھی اور اس خیال سے کہ کہیں گوالوں اور چرواہوں کے ہاتھ نہ آ جائے سویرے ہی سے اس کی تلاش کے لئے میں آئی تھی واپسی پر جوتی کا ایک پاؤں اتر کر گم ہو گیا ہے۔ اس کی تلاش کر رہی ہوں ماں محبت آمیز تنبیہ کر کے جوتے کی تلاش میں شریک ہو جاتی ہے اور لڑکی جھوٹ موٹ اِدھر اُدھر ہاتھ مار کر جلدی ہی چلّا اُٹھتی ہے کہ اے لو مل گئی اس پر دونو ماں بیٹیاں اپنے خیمے کی طرف چلی جاتی ہیں +

مجلس دوم

آنجہ بدیع کے بازار میں حاجی قرہ (مرد خسیس) جو کپڑے کا مالدار سوداگر ہے اپنی دوکان پر بہت ملول اور غمناک بیٹھا ہے کہیں سے دھوکا کھا کر بہت سا کپڑا خرید چکا ہے جس کا علاقہ میں رواج نہیں۔ خریدار دوکان کی طرف منہ بھی نہیں کرتے۔ حاجی بہت

بددل ہوکر بیوپاری پر لعنتیں بھیج رہا ہے۔ خسارے کا خوف اسے ہلاک کیئے جا رہا ہے اتنے میں خداوردی مؤذن آکر السلام علیکم کہتا ہے۔ حاجی آواز پر چونک اٹھتا ہے "بلی کو چھچھڑوں کے خواب،، وہ سمجھتا ہے کوئی خریدار ہے۔ فوراً پوچھتا ہے آپ ناشور مانگتے ہیں؟ کتنے تھان چاہئیں۔ مگر مؤذن اس سے اس کے مرحوم باپ کا نام پوچھتا ہے کہ اس کی روح کو سورۂ جمعہ کا ثواب پہنچائے اور اس کے بدلے میں صرف ایک عباسی (ایک قلیل القیمت سکہ) کا طلب گار ہے۔ حاجی پہلے ہی جلا بھنا بیٹھا ہے۔ اس بات سے صاف منکر ہو جاتا ہے اور دوکان سے ہٹنا چاہتا ہے۔ مؤذن صاحب کو کھسیانا ہوکر واپس ہونا پڑتا ہے۔ بعد ازاں حیدر بیگ اور اس کے رفقا آجاتے ہیں۔ حاجی انہیں بھی خریدار سمجھ کر بہت خوش ہوتا ہے اور خوب آؤ بھگت کرتا ہے۔ اور انہیں پھنسانے کے لئے بہت خوشامد درآمد کرتا ہے مگر جب اسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خریدار نہیں تو فوراً نگاہ بدل جاتا ہے اور انہیں دوکان سے چلے جانے پر مجبور کرتا ہے اور ان کی کوئی بات سننا نہیں چاہتا۔ آخر حیدر بیگ اپنے ساتھیوں سے کہتا ہے۔ کہ اس شخص کی قسمت میں ہی روپیہ نہیں تو ہم کیا کر سکتے ہیں۔ چلو چلیں اس کے پاس ہم کیوں آئے۔ حاجی یہ سن کر پھسل پڑتا ہے۔ اور ان کی خوشامد شروع کر دیتا ہے۔ اور بڑے اصرار و الحاح سے حصول زر کے ذریعہ کی بابت دریافت کرتا ہے۔ جب یہ وہ اپنا مافی الضمیر بیان کرتے ہیں۔ حاجی خود بھی ان کے ساتھ تبریز جانے اور کپڑا خرید لانے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ اور اسے صحیح سلامت واپس پہنچانے کے صلہ

میں تینوں دوستوں کو پانچ فیصدی سود پر کچھ رقم دینے کی آمادگی ظاہر کرتا ہے۔ بات پختہ ہو جاتی ہے۔ تینوں دوست چلے جاتے ہیں۔ اور حاجی بھی دوکان سے اُٹھ کر گھر میں جاتا ہے۔ سامان سفر درست کرتا ہے۔ ہتھیار پہن لیتا ہے۔ نقدی کے صندوق کھول کر روپیہ گن رہا ہے۔ کہ اس کی بیوی تکذبان آجاتی ہے وہ اس کی ہیئت کذائی کو دیکھکر اس کے متعلق دریافت کرتی ہے اور اسکے ارادۂ سفر سے مطلع ہو کر چراغ پا ہو جاتی ہے۔ میاں بیوی میں خوب مزے کی نوک جھونک ہوتی ہے۔ اتنے میں حیدر بیگ اور اسکے ساتھی بھی آپہنچتے ہیں۔ اِدہر اُدہر کی باتوں کے بعد حاجی کے نوکر کرم علی کا قضیہ پیش آتا ہے۔ یہ شخص حاجی کی بدسلوکی اور کنجوسی سے تنگ آیا ہوُا ہے اور نوکری چھوڑنے پر آمادہ ہے۔ اور چونکہ اس سے پہلے ایک دفعہ بغیر پروانۂ راہداری سفر کرنے کے پاداش میں سزا پاچکا ہے۔ اس لئے اس مجرمانہ سفر میں حاجی کی ہمراہی سے انکاری ہے۔ مگر حیدر بیگ وغیرہ دم دلاسا دے کر اسے ساتھ لے ہی لیتے ہیں ۔

مجلس سوم

قاچاقچی (حیدر بیگ وغیرہ) تبریز سے مال خرید کر گھوڑوں پر گٹھڑیاں لادے دریائے ارس کے اس کنارے پر جو ایران کی سرحد میں ہے۔ آرہے ہیں۔ دریا چڑھاؤ پر ہے۔ مینہ کے آثار بھی نمودار ہیں۔ آندھی زوروں کی چل رہی ہے۔ حیدر بیگ اور

اسکے ساتھی دریا سے پار اترنے کی تجویزیں کر رہے ہیں - حیدر بیگ اور دوسرے آدمی حاجی کو اسباب کی حفاظت کے لئے چھوڑ کر ذرا اوپر چلے جاتے ہیں وہاں جاکر شور کرتے ہیں - پولیس اور گشت کے سپاہی شور سن کر ادھر جاتے ہیں اور ان کا رستہ صاف ہو جاتا ہے - حیدر بیگ وغیرہ جلدی ہی اس مقام پر جہاں حاجی کو چھوڑ گئے تھے واپس چلے آتے ہیں اور گھوڑوں کو دریا میں ڈال دیتے ہیں - حاجی کے گھوڑے کو ٹھوکر لگتی ہے اور وہ پانی میں گر پڑتا ہے - اور پانی اُسے بہا کر لے جاتا ہے - آخر وہ ایک درخت سے چمٹ جاتا ہے اور چلّانا شروع کرتا ہے - اور اس کے ساتھی پھندا بنا کر رسہ پھینکتے ہیں - جو بدقسمتی سے اس کے گلے میں پھنس جاتا ہے وہ اُسے کھینچتے ہیں اور وہ گلا گھٹنے سے بہت تکلیف اُٹھاتا ہے - آخر بڑی مشکلوں سے حاجی کی جان خلاص ہوتی ہے - اتنے میں گشت کرنے والے سپاہیوں کا ایک دستہ روند کرتا ہؤا اُن سے دوچار ہوتا ہے - سپاہی ان کو مشتبہ سمجھ کر ان کا احاطہ کر لیتے ہیں - حیدر بیگ ان کو ذرا دھمکا کر بھگا دیتا ہے - مقام خطر سے نکل کر حاجی ڈینگ مارتا اور شیخی جتانا شروع کر دیتا ہے - اسے دفعتہً یاد آتا ہے کہ دوسرے دن جمعہ بازار لگنے والا ہے - اسکے سمند حرص پر تازیانہ لگتا ہے اور باوجود ساتھیوں کے روکنے اور منع کرنے کے اپنے نوکر کرم علی کو ساتھ لیکر ان سے علیحدہ ہو جاتا ہے - اور بازار کے مقام کی طرف رُخ کرتا ہے +

مجلس چہارم

حاجی اور کرم علی اپنے ساتھیوں سے علیحدہ ہوکر درۂ خوناشیں میں سے گذر رہے ہیں۔ دوسری طرف سے طوغ کے دو کسان آپس میں باتیں کرتے آتے ہیں وہ کٹائی کرکے واپس آ رہے ہیں اور ان کے ہاتھوں میں درانتیاں ہیں۔ ان کی باتیں حسب معمول فصل اور غلے کے متعلق ہیں۔ حاجی فرہ سے ان کی مٹھ بھیڑ ہوتی ہے۔ کرم علی گھبراتا ہے۔ مگر حاجی اوپرے دل سے تسلی دے کر اشارہ کرتا ہے کہ اسباب کو لیکر آگے بڑھے۔ اور جب دیکھتا ہے کہ وہ نہتے ہیں تو اُن کو آواز دیکر روکتا ہے اور خوب ڈانٹ ڈپٹ کر ان سے پوچھتا ہے کہ تم کون ہو اور اس وقت کیا کر رہے ہو۔ کسان اس طرح اچانک روکے جانے پر گھبرا جاتے ہیں۔ مگر حاجی ان کو ڈانٹے ہی جاتا ہے۔ کبھی انکو چور کہتا ہے اور کبھی ڈاکو بتلاتا ہے اور ہتھیار ڈال دینے کا حکم دیتا ہے۔ وہ بیچارے بہتیرا اپنی اصلیت و بے گناہی کا اظہار کرتے ہیں مگر حاجی اپنی ہی ہانکے جاتا ہے۔

اسی حالت میں مو ورا و بمعہ خلیل یوزباشی کے وہاں آ نکلتے ہیں۔ ان کو دیکھکر کسان داد فریاد کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ حاجی بھی چلّانا شروع کرتا ہے اور ان کو چور اور ڈاکو بتا بتا کر داد خواہ ہوتا ہے۔ مودراو فریقین کے بیان سے مشکور ہوکر ان کو گرفتار کرلیتا ہے اور عدالت میں چالان کر دیتا ہے۔ عدالت کا نام سن کر حاجی کے اوسان خطا ہو جاتے ہیں رہائی کے لئے بہتیرے

ہاتھ پاؤں مارتا ہے۔ مگر سپاہی اس کی ایک نہیں سنتے اور کشاں
کشاں اسکو کچہری کی طرف لے ہی جاتے ہیں +

مجلس پنجم

حاجی کے ساتھی اس سے علیحدہ ہو کر بخیریت شہر میں آ جاتے
ہیں۔ اور کپڑا بیچ دیتے ہیں۔ اسکے منافع کے روپیہ سے حیدر بیگ
شادی کا انصرام کر کے ضونا خانم کو اپنے خیمے میں لے آیا ہے میاں
بیوی میں راز و نیاز کی باتیں ہوتی ہیں۔ بیوی گذشتہ سفر کے حالات
سن سن کر دہلی جاتی ہے اور اس قسم کے آئندہ سفر سے میاں کو
روک رہی ہے۔ لیکن حیدر بیگ بعض مجبوریوں کا اظہار کر کے
کم از کم ایک دفعہ اور جانے کی اجازت طلب کرتا ہے۔ مگر یہ اسکے
متعلق ایک حرف بھی سننا نہیں چاہتی دوران گفتگو میں حاجی کی
بیوی تلذبان آنکلتی ہے۔ اور حیدر بیگ سے اپنے شوہر کی گم گشتگی
اور عدم واپسی کی وجہ دریافت کرتی ہے۔ وہ اسکو تسلی دے کر ٹالنا
چاہتا ہے۔ اسی وقت موور او ونچالنگ سواروں کا ایک دستہ لئے
آموجود ہوتے ہیں۔ اور بستی کا محاصرہ کر لیتے ہیں۔ نچالنک حیدر بیگ
کو بلا کر کہتا ہے کہ دیکھو! تم نے باوجود میری فہمائش کے وہی سابقہ
کام اختیار کر لئے ہیں۔ اور اکلیس کے ارمنیوں کو لوٹا ہے مناسب
یہی ہے کہ تم اپنے جرم کا اقرار کر لو اور اپنے ساتھیوں کا نام بھی بتا
دو۔ حیدر بیگ صاف منکر ہوتا ہے۔ نچالنگ اوہان (یہ وہی یوزباشی
ہے جس سے دریائے ارس کے کنارے مٹھ بھیڑ ہوئی تھی) کو سامنے

بلاتا ہے۔ حیدر بیگ پہچان جاتا ہے۔ مگر انجان بن کر اس کا مذاق اڑانا شروع کر دیتا ہے۔ جس پر حیدر بیگ اور اوہان میں کہن سن ہو جاتی ہے نچالنگ ان کو ٹوک کر اصلی معاملہ کے متعلق دریافت کرتا ہے۔ اوہان اصل مجرم گرفتار نہ کر سکنے کی شرم کو مٹانے کے لئے چاہتا ہے کہ یہ الزام حیدر بیگ پر تھوپ دے۔ خصوصًا اس لئے کہ ایک دن قبل ہی وہ حیدر بیگ کے ہاتھوں زک اٹھا کر ذلیل ہو چکا تھا اس لئے کہتا ہے کہ صاحب! یہی ڈاکو تھا جس نے ہم پر (جب ہم اکلیس کے ارمنی لوگوں کو بچانے کے لئے پہنچے تھے) تلوار سونتی اور بندوق چھتیائی تھی۔ یہ اکیلا نہ تھا بلکہ اس کے ساتھ بیس اور ڈاکو تھے ہم صرف دس تھے اور مقابلہ برابر کا نہ تھا۔ ورنہ ہم ان کو ضرور گرفتار کر لیتے۔ حیدر بیگ بھی تجربہ کار چوروں کی طرح اوہان ہی کو ذلیل اور جھوٹا ثابت کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ نچالنگ حیران ہو کر کہتا ہے کہ تاتاری سب کے سب جھوٹے ہیں۔ کس کی بات کو تسلیم کیا جاوے چنانچہ اسی قسم کا ایک اور مقدمہ اسوقت میرے پیش ہے۔ جس میں ایک فریق تو دو ارمنی ہیں اور دوسرا ایک مسلح تاتاری اور دونو اپنے فریق مخالف کو چور اور ڈاکو بیان کرتے ہیں۔ حیدر بیگ اصلیت کو بھانپ جاتا ہے۔ اور یہ تجویز پیش کرتا ہے کہ اگر وہ دونو میرے سامنے لائے جائیں تو میں شاید اصلیت ظاہر کر سکوں۔ نچالنگ حاجی اور دونو ارمینوں کو سامنے منگواتا ہے۔ حیدر بیگ کہتا ہے کہ فریقین میں سے کوئی بھی چور اور ڈاکو نہیں۔ نچالنگ یہ سن کر بہت ہی جھلاتا ہے۔ اور حیدر بیگ کو سشن سپرد کرنے کی دھمکی دیتا ہے۔ نچالنگ

حاجی سے دریافت کرتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو سلطنت کا ایک وفادار فرد قرار دیتا ہے۔ اس کا ثبوت یہ دیتا ہے کہ میں ہر سال ٹیکس اور محصول کی صورت میں ایک معقول رقم خزانہ شاہی میں داخل کرتا ہوں۔ نچالنگ اس نامعقولیت کا مذاق اڑا کر کہتا ہے کہ حکومت کو اس حسن خدمت کے صلہ میں تمغہ عطا کرنا چاہئے۔ جیسے حاجی سادہ لوحی سے سچ مان لیتا ہے اور ہاں میں ہاں ملاتا ہے اسی اثنا میں معلوم ہوتا ہے کہ ارمنی سوداگروں پر ڈاکہ مارنے والے بمعہ مال مسروقہ کے گرفتار ہو چکے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد ایک یساول کے ذریعہ ایک قاچاقچی (کرم علی) گرفتار ہو کر پیش ہوتا ہے۔ حاجی کو اس خیال سے کہ اب راز ظاہر ہو گیا۔ اور ممکن ہے۔ کہ مال ضبط ہو جائے غش آجاتا ہے۔ نچالنگ کی حیرت کی انتہا نہیں رہتی اور اس کا سبب دریافت کرتا ہے۔ آخر حیدر بیگ تمام حالات پوست کندہ بیان کر دیتا ہے۔ اور نچالنگ صوناخانم کی گریہ زاری سے متاثر ہو کر اور ملزمین کے اس اقرار پر کہ وہ سب روسی فوج میں بھرتی ہو جاویں گے۔ سب کو ضمانت پر رہا کر دیتا ہے۔ اور ان کو آئندہ کے لئے قانون کی پابندی کی نصیحت کرتا ہے۔ حاجی اس موقعہ پر بھی اپنی خست کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ سپاہیوں نے گرفتاری کے وقت کہیں تھوڑی سی رقم اس سے اڑا لی تھی حاجی اس کا مطالبہ کرتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ اگر وہ مجھے نہ ملی تو میں تباہ ہو جاؤں گا +

سیر و خصائل افراد مجالس

حیدر بیگ۔ صاحب ہمت اور باحوصلہ جوان ہے۔ چوری چکاری اور راہزنی کا شائق ہے۔ اور ان باتوں میں بہت مشاق۔ ملازمت کو عار سمجھتا ہے۔ اور تجارت حرفت اور زراعت کو خلاف بہادری و مردانگی جانتا ہے۔ یہ پیشے اس کی نظروں میں ذلیل اور ناکارہ ہیں امن و امان کی زندگی اس کی جری طبیعت کے خلاف ہے۔ وہ ہر وقت لوٹ مار کا متمنی اور لڑائی جھگڑے کا خواہشمند ہے۔ ان باتوں کی وجہ سے علاقہ بھر میں مشہور ہے۔ حکام بھی اس بات کو جانتے ہیں۔ اور اس کی حرکات کے نگران ہیں۔ وہ بھی پولیس اور کاسکوں کی نقل و حرکت سے واقف ہے۔ اور ان سے بچنے کی سینکڑوں تدبیریں جانتا ہے۔ نڈر ہے۔ اور وقت پر حوصلہ نہیں ہارتا۔ اس کا دل جذبۂ عشق سے خالی نہیں۔ غریب ہے مگر غیور۔ عسرت و افلاس کی وجہ سے شادی نہیں کر سکتا۔ اپنی منسوبہ کو اغوا کر کے لے جانے کو بھی عار و ننگ سمجھتا ہے۔ عزت نفس کا محافظ ہے۔ طبیعت میں تمسخر اور دل لگی ہے۔ اور قیافہ شناس اول درجے کا ہے +

صفر بیگ و عسکر بیگ۔ حیدر بیگ کے وفادار دوست ہیں ان میں بھی حیدر بیگ کے سے اوصاف پائے جاتے ہیں مگر کم۔ ضرورت کے وقت دوست کو ہر طرح مدد دینے کے لئے تیار ہیں +

صونا خانم - سردار قبیلہ کی لڑکی ہے - خوبصورت اور نوجوان ہے - حیدر بیگ پر دل و جان سے فدا ہے - محبت میں اعتدال سے بڑھ جاتی ہے - مگر عام طور پر مآل اندیش ہے - حیدر بیگ کی حرکات راہزنی وغیرہ سے بہت خائف ہے اور اسے ارتکاب جرائم سے روکتی ہے - حیلہ ساز بھی اوّل درجہ کی ہے +

حاجی قرہ - مرد خسیس یہی ہے - بہت مالدار ہے - مگر بخل اور خست اسپر ختم ہے - مطلبی - خوشامدی - طماع - خود غرض اور سود خوار ہے - روپیہ کو ہر طرح سے جمع کرتا ہے - مگر خرچ کرنے میں بہت بخیل اور خسیس ہے - اس کے متعلقین حتی کہ بیوی بچے اس کی بدسلوکی سے بیزار اور نالاں ہیں - وقت پر صرف باتوں سے آؤ بھگت کرنے والا ہے - مگر سو گز ناپے اور گز بھر نہ پھاڑے - سادہ لوح - جھوٹا - بات بات پر قسمیں کھانے والا ڈرپوک اور بزدل ہے - مگر کمزوروں اور نہتوں پر اپنی بہادری اور شہ زوری کا سکہ بٹھانے میں فرد ہے - بیہودہ گو اور شیخی باز ہے - مگر درحقیقت ماروں کے آگے اور بھاگتوں کے پیچھے ہے +

تکذبان - حاجی کی بیوی بڑی طرار زبان اور لڑاکی عورت ہے - حاجی کے بخل اور کنجوسی سے تنگ ہے - مگر اپنی زبان درازی سے اس کا ناطقہ بند کر دیتی ہے - اس کی مفارقت بھی گوارا نہیں کر سکتی - اس کی حرکات کی نگراں

اور ہر بات پر ٹوکتی ہے۔ مگر بے سود +

حداوردی۔ ذلیل الاوقات قلاؤ ذی مؤذن ہے۔ خدا کے کلام کا بیچنے والا ہے۔ قرآن مجید کی سورتیں پڑھ پڑھ کر رقم قلیل کے معاوضہ پر ان کا ثواب بیچتا پھرتا ہے۔ مانگنے میں بہت اصرار کرتا ہے +

کرم علی۔ حاجی کا نوکر ہے۔ یہ بھی اس کی کنجوسی کے ہاتھوں تنگ آکر میعاد ملازمت ختم ہونے پر ملازمت چھوڑنے کے لئے آمادہ ہے۔ نہائت ڈرپوک مگر مطلب کا یار ہے۔ مسخرہ بھی ہے +

اوہان۔ روسی پولیس کا ارمنی داروغہ ہے۔ بڑا ڈرپوک۔ مگر چالباز ہے۔ پولیس کے ہتھکنڈوں میں بہت ہوشیار ہے اصلی مجرموں کا سراغ نہ لگ سکنے پر جھوٹ موٹ دوسروں پر الزام لگا دیتا ہے۔ جھوٹی شہادت دینے کا عادی ہے۔ اپنی نیک چلنی کی سندات ہر وقت اپنے پاس رکھتا ہے اور وقت بے وقت اپنی حسن کارکردگی کے اظہار کو ضروری خیال کرتا ہے +

فقط

سرگذشت مرد خسیس

افرادِ اہلِ مجالس

حیدر بیگ
صفر بیگ
عسکر بیگ } بیگہائے آنجا +

حاجی قرہ ۔ سوداگر +

بدل ۔ پسر حاجی قرہ +

کرم علی ۔ نوکر حاجی قرہ +

خداوردی ۔ مؤذن +

اوہان ۔ یوزباشی قراولان +

پسر کرز ۔
قہرمان ۔
قراپیت ۔
وشش نفر دیگر } قراولان +

ارا کیل ۔
مکر دیچ ۔ } زارعین طوغ +

موو راو ۔ حاکم +

خلیل ۔ یوزباشی کہ ہمراہ موو راو است

پنچالنگ ۔
یساول ۔ } سائر عملہ موو راو ہستند +

صونا خانم ۔ نامزد حیدر بیگ +

طیبہ خانم ۔ مادر صونا خانم +

تکذبان ۔ زن حاجی قرہ +

مجلس اوّل

(واقع میشود درکنار اوبۂ حیدر بیگ در زیر درخت بلوط حیدربیگ وصفربیگ ہردو مکمّل ومسلّح چُست وچابک در شب مہتابے از خانہ بیروں آمدہ درکنار اوبۂ صفربیگ بسر سنگے نشستہ۔ وحیدر بیگ روبروے او بحالت غمیں حرف میزنند) +

حیدربیگ - خدایا! ایں چہ عصریست؟ ایں چہ زمانہ ایست مرد از قدر و قیمت افتادہ۔ نہ سواری بکارے خورد۔ نہ تیر اندازی طالب دارد۔ نہ جوانے راقیمتے ماندہ است۔ و نہ بہادرے را حرمتے باقیست + مثل زنہا بایست صبح تاشام و از شام تا بامداد میان آلاچیق محبوس باشی۔ آدم ازکجا دیگر زندگانی بکند۔ پول پیدا نماید۔ دولت دست بیاورد +

روزہائے گذشتہ دورہائے پیش میان ہرہفتہ یا ماہے یکدفعہ لااقل آدم کاروانے مے چاپید۔ اردوئے مے زند۔ چپاوی مے کرد + حال نہ کارواں میتواں چاپید۔ نہ اردوئے داغان تواں کرد۔ نہ جنگ قزلباشی۔ نہ دعوائے عثمان لوئی۔ اگر بخواہی نوکرہم بشوی بجنگ بروی۔ باید سرایں لزگیہائے لات و لوت بروی۔ اگر بہ ہزار زحمت یکے را از سوراخ کوہ ہا در بیاری۔ جز انبانِ کہنہ ولولۂ شکستہ چیزے دیگر بدست

نخواہد افتاد- کو دعوائے قزلباشی و عثمانی ؟ کہ ہمہ قراباغ را با طلا و نقرہ پر کنند ٭

الحال ہم خیلے خانہا ہست کہ از چپاد اصلا ندوز نان مے خورند- اولاد اصلابیگ باز دیروز در بازار آغجہ بدیع یراقہائے نقرۂ کہ پدر شان از عثمانلو اُلجہ کردہ بود- مے فروختند- باز یک ہیچو دعوائے اتفاق بیفتد- پیش از ہمہ جلودستہ وا ایستم- ہنرے نمایاں کنم- کہ رستم دستان ہم نہ کردہ باشد- کار من این است- نہ اینکہ پنجالنگ مراصدا کردہ است- مے گوید "حیدر بیگ! راحت بنشیں- دلگی مکن- راہ نزن دزدی نرو"- پیشمانم کرد- کہ گفتم "بلے پنجالنگ! ما ہم باین کارہا راغب نیستم- ولے بہ شما لازم است کہ امثال ما مردانِ نجیب را بلقمۂ نانے راہ نمائی بفرمائید- کار و شغلے بدہید- کہ نان و آشے داشتہ باشد"- گوش کن! بہ بیں! چہ جواب داد بمن- "حیدر بیگ! زراعت بکن- باغ بکار- داد و ستد برو- خرید و فروخت بکن"- گویا کہ من یا نازور ارمنی ہستم کہ ہر روز تا شب خیش برانم- یا اہل لنبرانم کرم پیلہ نگاہ بدارم- و یا لکم پیلہ وری بروم- عرض کردم "پنجالنگ! ہیچ وقت از جوان نشیہ بزرگری و بازرگانی دیدہ نشدہ پدر من قربان بیگ (خدا رحمتش کند) این کارہا نہ کردہ است- من ہم کہ پسر او ہستم ہرگز ازیں کارہا نخواہم کرد" اخمش را ریختہ روشش را گردواندہ اسبش را ہیے کرد و رفت ٭

صفربیگ - ایں حرفہا فائدہ ندارد - آدم کہ گوشت دُزدی نخورد اسپ سوار نشود - از زندگانئے خود چہ لذت مے برد؟ و در روے دنیا برائے چہ راہ مے رود؟ شب گذشت عسکربیگ نیامد نمے دانم برائے چہ دیر کردہ است؟ ہا! آنست - آمد +

(دریں حال عسکربیگ مے رسد) +

عسکربیگ - حیدربیگ! من ہم حاضرم - میروید؟ بسم اللہ راہ بیفتید - پس چرا غمگینی؟ ہیچو فکری بنظر مے آئی +

حیدربیگ - واللہ! نمیدانم کدام دہن لقّ حرف مفت زن مرا بہ نچالتنگ نشاں دادہ است - آمدہ بود میان بلوک گردش کند - امروز از کنارِ اوبۂ ما میگذشت - مرا صدا کردہ مے گوید "حیدربیگ! دزدی نرو - راہ زنی نکن" +

صفربیگ - یہ! یعنی از گشنگی بمیر!

حیدربیگ - البتہ ہیچو مے گوید - دیگر گویا کہ در ہمۂ قراباغ ہمۂ ایں دزدیہا را حیدربیگ مے کند - اگر او از دزدی دست بردارد - ولایت آسودہ خواہد شد - دزدیٔ بُزومیش ہم برائے ما دشخار شدہ است - حالا ہم مُعطّل و فکری ماندہ ام - اگر برویم دخترہ را برداریم بیاریم - مے ترسیم پدرومادرش شکایت کنند باز باید فراری بشوم +

عسکربیگ - حیدربیگ! ہمۂ قراباغ مے داند - دخترہ را پدر و مادرش بتو دادہ است - نمے فہم چہ باعث شدہ است کہ باید پنہانی برداری بیاری +

حیدربیگ - چہ باعث خواہد شد؟ پول ندارم۔ خرجش را بکشم۔ عروسی بکنم۔ بردارم بیاورم لابد شدہ ام۔ باعلتش بے پولی است۔ دیگر برائے ایں صفربیگ مصلحت ہیچ دید کہ بردارم بیارم خرج عروسی از گردنم بیفتد۔ اما ایں عمل برائے من بدتر از مرگ است کہ بگویند پسر قربان بیگ پول پیدا نکرد۔ عروسی کند۔ نامزدش را بردا شت۔ گریخت۔ گریز اند۔ چوں صفربیگ گفت از ترست اینہا را بہانہ درمے آوی (بجہت آں غیظ کردہ) بگردنم وارد آمدہ است۔ پئے شما فرستادم کہ تو ہم بمن ہمراہی بکنی ✤

صفربیگ - من چرا میگویم؟ خودت پیش من آہ وادہ کردی کہ دو سال است نے توانی عروسی بکنی۔ نامزدت را بیاری۔ گفتم میخواہی من ہم بیایم برویم برداریم بیاریم خودت بداں! ازبرائے من چہ تفاوت مے کند؟

عسکربیگ - حیدربیگ! ازیں نیّت بیفت۔ پانزدہ روز بہ من مُہلت بدہ۔ من خرج عروسئ ترا پیدا مے کنم۔ موافق قاعدہ عروسی بکن۔ نامزدت را بیار ✤

حیدربیگ - از کجا پیدا مے کنی؟

عسکربیگ - (یکایک) تا پانزدہ روز بہ تبریز مے رویم۔ برمے گردیم۔ مال فرنگ مے آوریم۔ منفعت مے کند۔ مے فروشیم۔ از منفعت او عروسیت را بکن ✤

حیدربیگ - خوب آوازہ مے خوانی۔ اما صدات مے گیرد در تبریز مال مفت ریختہ اند؟ ما برویم جمع کنیم۔ برداریم بیاریم ✤

عسکر بیگ - البته مال مفت کجا بود؟ باید پول داد خرید +

حیدر بیگ - عجب حرف مے زنی - ماشاءالله! من پول را از کجا بیاورم؟

عسکر بیگ - مگر من از خودم پول دارم؟ حرف من این است - حاجی قره آغچه بدیعی سوداگر پولدار است از و بگیریم برویم - مال بیاریم - بفروشیم - پول او را رد مے کنیم - نفعش از برائے ما مے ماند +

حیدر بیگ - مے گویند "حاجی قره خیلے مرد خسیس است بکسے پول نمے دہد +

عسکر بیگ - هر قدر خسیس است دو آں قدر هم طمع کار است - تطمیع مے کنیم با خود ماں شرکت کند - بخاطر شراکت (که همراه ما برود) بما هم پول میدهد - من درست مے کنم +

حیدر بیگ - خوب! اگر بخودت خاطر جمع داری - من راضیم - امّا باید دختره را به بینم - حالیش بکنم - قول داده ام امشب انتظار مرا مے کشد +

عسکر بیگ و صفر بیگ - بسیار خوب! بسیار خوب!! خیلے خوب شد!!!

حیدر بیگ - پس شما بروید - من خودم مے آیم - شما را پیدا مے کنم - با هم میرویم پیش حاجی قره +

عسکر بیگ و صفر بیگ - خدا حافظ شما! ما رفتیم دیگر امّا صبح زود تر بیائی + (میروند)

تبدیل مجلس

(دریں حال مجلس تبدیل یافته- از دور آلاچیقے نمایاں مے شود به مسافت ده قدم دور از آلاچیق پشتِ بُتّه ها صوناخانم بوضع قشنگ لباس سفر پوشیده چادرِ شب ابریشمی در سر کرده گاہے نشسته گاہے ایستاده از پناه بوته ها ایں سُو آں سُو نگران و چشم براه است) ٭

